1255 ـ نماز میں قرآن مجید دیکھ کر پڑھنے کا حکم

سوال

کیا نماز تراویح یا چاند اور سورج گرہن کی نماز میں قرآن مجید سے دیکھ کر قرآت کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

قیام رمضان میں قرآن مجید دیکھ کر قرآت کرنے میں کوئی حرج نہیں، جیسا کہ اس میں مقتدیوں کو پورا قرآن سننے کا موقع مل جاتا ہے، اور اس لیے بھی کہ کتاب و سنت کے دلائل بھی نماز میں قرآن مجید کی قرآت کی مشروعیت پر دلالت کرتے ہیں، اور یہ عام ہے قرآت چاہے زبانی کی جائے یا پھر قرآن مجید سے دیکھ کر.

اور پھر عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے ثابت ہے کہ انہوں نے اپنے غلام ذکوان کو حکم رمضان کا قیام کروانے کا حکم دیا، اور وہ قرآن مجید دیکھ کر قرآت کیا کرتے تھے.

اسے امام بخاری رحمہ اللہ تعالی نے اپنی صحیح میں معلق اور بالجزم ذکر کیا ہے.

واللہ اعلم .